جس نے صبح (صادق) سے پہلے وتر نہیں پڑھی تو اس کی وتر نہیں ہے

ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا: ”جس نے صبح (صادق) سے پہلے وتر نہیں پڑھی تو اس کی وتر نہیں ہے“

[صحیح] [اسے ابنِ حبان نے روایت کیا ہے - اسے ابنِ خزیمہ نے روایت کیا ہے - اسے امام حاکم نے روایت کیا ہے]

اس حدیث شریف سے پتہ چلتا ہے کہ وتر کی نماز کا وقت صبح ہونے یعنی طلوعِ فجر ثانی سے ختم ہوجاتا ہے، اوریہ وتر کا اختیاری وقت ہے، اوروترکی نماز کا اضطراری وقت جیسے دیر سے بیدار ہونے والے شخص کے لیے تو یہ فجر کی نماز تک رہتا ہے، جیسا کہ یہ صحابۂ کرام کی ایک جماعت سے ثابت ہے

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/11276